# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT
## SUBJECT: COMPUTER SCIENCE
## GRADE-7

**FINAL TERM**

**[Paper A: 48 Marks, Paper B: 52 Marks, Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________

**Student Name :** ______________ **Roll Number :** ______________ **Section :** ______________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر1: روبوٹکس کا مشہور استعمال ہے:

(a) کتابیں لکھنا (b) خودکار مینوفیکچرنگ (c) موسیقی بجانا (d) پینٹنگ کرنا

سوال نمبر2: کور i7 پروسیسرز میں تھریڈز کی تعداد ہے:

(a) 24 (b) 20 (c) 26 (d) 28

سوال نمبر3: پورٹ جو بنیادی طور پر کمپیوٹر کو بیرونی سٹوریج ڈیوائسز جیسے ہارڈ اور سولڈ سٹیٹ ڈرائیوز سے جوڑنے کے لیے استعمال ہوتی ہے:

(a) ایچ ڈی ایم آئی (b) یو ایس بی (c) ساٹا (d) ٹائپ-سی

سوال نمبر4: ورڈ پروسیسر میں 'سیو' فنکشن کا مقصد ہے:

(a) ڈاکومنٹ پرنٹ کرنا (b) ڈاکومنٹ بعد میں استعمال کے لیے محفوظ کرنا (c) ڈاکومنٹ شیئر کرنا (d) پروگرام بند کرنا

سوال نمبر5: ٹیکسٹ کو ایک طرف ترچھا بناتے ہوئے، فونٹ سٹائل استعمال کیا جاتا ہے:

(a) بولڈ (b) اٹیلک (c) انڈرلائن (d) ٹیکسٹ الائینمنٹ

سوال نمبر6: Ctrl+V استعمال ہوتا ہے:

(a) کاپی (b) پیسٹ (c) کٹ (d) سیو

سوال نمبر7: فنکشن 'کی' جو مائیکروسافٹ پاورپوائنٹ میں سلائیڈ شو شروع کرتی ہے:

(a) F1 (b) F3 (c) F5 (d) F7

سوال نمبر8: ای میل میں، 'To' فیلڈ وصول کنندہ کی کس چیز پر مشتمل ہوتی ہے؟

(a) پیغام (b) ثانوی پتہ (c) بنیادی پتہ (d) منسلکات

سوال نمبر9: ای میل جو فہرست میں ایک سے زیادہ بار ظاہر ہو، کہلاتی ہے:

(a) باؤنسڈ (b) فیک (c) ڈپلیکیٹ (d) ان سبسکرائبڈ

سوال نمبر10: ای میل کی توثیق میں استعمال ہونے والے بنیادی طریقے ہیں:

(a) 7 (b) 5 (c) 4 (d) 3


سوال نمبر11: مسئلے کو حل کرنے کے لیے ہدایات کا سیٹ ہے:

(a) پیٹرن (b) کام (c) الگورتھم (d) ڈیزائن

سوال نمبر12: پیچیدہ مسائل کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا کہلاتا ہے:

(a) پیٹرن ریکگنیشن (b) ڈی کمپوزیشن (c) جنرلائزیشن اور ابسٹرکشن (d) الگورتھم ڈیزائن

سوال نمبر13: دی گئی شکل نمائندگی کرتی ہے:




(a) پیٹرن کی شناخت (b) الگورتھم ڈیزائن (c) ڈی کمپوزیشن (d) جنرلائزیشن

سوال نمبر14: فلوچارٹ میں ڈائمنڈ کی علامت استعمال ہوتی ہے:

(a) ان پٹ آپریشن کے لیے (b) فیصلہ سازی کے لیے (c) عمل کو ظاہر کرنے کے لیے (d) فلوچارٹ کے اختتام کے لیے

سوال نمبر15: ابسٹریکشن اور جنرلائزیشن مسئلہ حل کرنے میں مدد دیتے ہیں:

(a) مسائل حل کرکے (b) متعلقہ تفصیلات سے (c) تفصیلات نظرانداز کرکے (d) عمومی خیالات سے

سوال نمبر16: لوپس کی اقسام ہیں:

(a) 4 (b) 3 (c) 2 (d) 1

سوال نمبر17: بائنری ہندسے میں ممکنہ قدریں ہو سکتی ہیں:

(a) 2 (b) 4 (c) 10 (d) 16

سوال نمبر18: ڈیسیمل نمبر سسٹم کو جانا جاتا ہے:

(a) بائنری سسٹم (b) ہندو-عربی سسٹم (c) آکٹل سسٹم (d) ہیگزاڈیسیمل سسٹم

سوال نمبر19: بٹ ریٹ سے مراد تعداد ہے:

(a) بائٹ (b) بٹس (c) فریکوئنسی (d) بینڈوڈتھ

سوال نمبر20: بائنری نمبر 10101 کا مساوی ڈیسیمل ہے:

(a) 20 (b) 21 (c) 22 (d) 23

سوال نمبر21: ڈیسیمل نمبر 11 کی بائنری قیمت ہے:

(a) 1100 (b) 1001 (c) 1011 (d) 1110

سوال نمبر22: ڈیجیٹل تصویریں بنتی ہیں:

(a) اوکٹل (b) ڈیسیمل (c) پکسل (d) بائنری

سوال نمبر 23: تصویر کے گرڈ کا سائز '20x10'، بیان سے مراد ہے:

(a) آسکی (b) ڈیجیٹل تصویر (c) بیٹا ڈیٹا (d) اے ڈی سی

سوال نمبر 24: جب ہم آن لائن ہوتے ہیں تو ہمیں اصولوں پر عمل کرنا پڑتا ہے:

(a) ڈیجیٹل اخلاقیات (b) اخلاقیات (c) جسمانی اخلاقیات (d) سماجی اخلاقیات

سوال نمبر 25: اصطلاح جو مالک کی انٹلیکچول پراپرٹی اور اصل کام کو تحفظ فراہم کرتی ہے:

(a) پائریسی (b) کاپی رائٹ (c) پلیجرزم (d) ایتھیکس

سوال نمبر 26: کمپیوٹر کے وسائل کا غلط استعمال اکثر______ کی وجہ بنتا ہے۔

(a) سیکیورٹی (b) کارکردگی (c) منافع (d) غلط استعمال

سوال نمبر 27: صارف کی سرگرمی کو اس کے ذریعے ٹریک کیا جا سکتا ہے:

(a) فائروال (b) کوکیز
(c) راؤٹر (d) کی بورڈ

سوال نمبر 28: ایک کامیاب کاروبار قائم کرنے کے لیے بزنس پلان ضروری ہے کیونکہ:

(a) یہ صرف مارکیٹنگ پر توجہ دیتا ہے (b) یہ مقاصد اور حکمت عملیوں کی وضاحت کرتا ہے
(c) یہ غیر منظم خیالات کا استعمال کرتا ہے (d) یہ پروڈکٹ پر توجہ دیتا ہے

سوال نمبر 29: سیکشن جس میں کمپنی کا پس منظر اور مالی جھلکیاں شامل ہیں، کہلاتا ہے:

(a) وضاحت (b) خلاصہ (c) تجزیہ (d) حکمت عملی

سوال نمبر 30: مصنوعات کے معیار کو بڑھانے کے لیے کمپنی کی حکمت عملی کو کہا جاتا ہے:

(a) پروجیکٹ منیجمنٹ (b) سرچ انجن آپٹیمائزیشن
(c) کوالٹی اشورنس (d) بزنس پلان

سوال نمبر 31: خریدار اور بیچنے والے کے درمیان سامان کے تبادلے کا مکمل معاہدہ ہے:

(a) ادائیگی (b) انتظام
(c) ٹرانزیکشن (d) مارکٹنگ

سوال نمبر 32: آن لائن جرنل یا معلوماتی ویب سائٹ منتخب کریں۔

(a) سنیپ چیٹ (b) فیس بک (c) بلاگ (d) ٹویٹر

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 33

i) 3D اور ہولوگرافک امیجنگ میں فرق کریں۔(05 نمبر)

ii) ای میل لکھنے کی کوئی سی پانچ اچھی عادات لکھیں۔(05 نمبر)

سوال نمبر 34

i) ای میل کے پانچ استعمالات لکھیں۔(05 نمبر)

ii) ای میل کے پانچ پلیٹ فارم لکھیں۔(05 نمبر)

سوال نمبر 35

i) دو نمبر جمع کرنے اور ان کا مجموعہ پرنٹ کرنے کے لیے ایک فلو چارٹ بنائیں۔(05 نمبر)

ii) ہم کسی سولیوشن کی کارکردگی جاننے کے لیے کون سے طریقے استعمال کر سکتے ہیں؟(05 نمبر)

سوال نمبر 36

i) سکریچ کی تعریف کریں، سکریچ انٹرفیس کے پانچ حصوں کے نام لکھیں۔(06 نمبر)

ii) درج ذیل بائنری نمبرز $(1011)_2$ اور $(110101)_2$ کو ڈیسیمل میں تبدیل کریں۔(06 نمبر)

سوال نمبر 37

i) پلیجریزم کی تعریف کریں، اور اس کی اقسام لکھیں۔(05 نمبر)

ii) ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی پانچ تکنیک لکھیں۔(05 نمبر)